مطبوعات

جہادِ قلم | تالیف جناب غافل کرنالی۔ ناشر: فرینڈز پبلیکیشنز، ملتان۔ صفحات ۱۲۸۔ قیمت ایک روپیہ۔

یہ جناب غافل کرنالی کی اُن ولولہ انگیز نظموں کا مجموعہ ہے جو اُن کے اسلامی احساسات کی ہر لحاظ سے شارح اور ترجمان ہیں۔ شاعر کے فکر میں سلامتی، اس کے جذبات میں سلجھاؤ اور الفاظ میں احتیاط کا پہلو غالب ہے۔ انہوں نے جو کچھ کہا ہے وہ کسی وقتی اور عارضی تاثر کا نتیجہ معلوم نہیں ہوتا بلکہ اس حقیقت کا آئینہ دار ہے کہ ذہن نے ایک خاص نصب العین کو پوری طرح اپنا کر ان تاثرات کا اظہار کیا ہے۔ معیارِ کتابت و طباعت اچھا ہے۔

دنیائے اسلام کے معاشی حالات (انگریزی) | تالیف: پروفیسر محمود احمد بریلوی۔ ملنے کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر ۵۲۹۴۔ کراچی نمبر ۲۔ قیمت ۴ روپے

اس کتابچے کے فاضل مصنف جناب پروفیسر محمود احمد بریلوی کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ اس سے پہلے اسلام اور دنیائے اسلام پر اُن کی متعدد کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ اس کتابچے میں انہوں نے مسلمان ممالک کے معاشی ذرائع اور وسائل کا جائزہ لے کر بتایا ہے کہ اگر ان کے درمیان اشتراک کی کوئی صورت پیدا ہو جائے تو وہ معاشی اعتبار سے بھی دنیا کی ایک مؤثر اور فیصلہ کُن قوت بن سکتے ہیں اور انہیں کسی دوسرے ملک کا دست نگر رہنے کی بھی کوئی ضرورت پیش نہیں آسکتی۔